منظور احسن عباسی

تو کائناتِ حُسن ہے یا حُسنِ کائنات

تابندہ جس کی ضَو سے ہے ایوانِ شش جہات
"وہ کائناتِ حُسن ہے یا حُسنِ کائنات"

وہ جس کا لفظ لفظ حقیقت کا ترجمان
وہ جس کی بات بات میں شیرینیٔ نبات

اقوال جس کے شرحِ کتابِ مبیّن اور
افعال جس کے معنیٔ آیاتِ بیّنات

جس کا وجود شانِ خدا وندِ ذوالجلال
جس کی نمود لمعۂ طورِ تجلّیات

وہ جس کے فیضِ دم سے معطّر مشامِ جاں
وہ جس کے عطر بیز ہیں انفاسِ طیبات

ختم الرُّسل، امام امم، ہادیٔ سُبُل
خیر الورٰی، حبیبِ خدا، فخرِ کائنات

ہر نقشِ پائے احمدِ مرسل ہے ایک شمع
روشن ہے جس کی لَو سے رہِ منزلِ حیات

احسن وہ جس کے عارض و گیسو کی یاد میں
ہر روز روزِ عید ہے۔ ہر شب شبِ برات